نماز فجر کا ٹائم داخل ہونے کے بعد قضا نماز پڑھنا

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-375

تاریخ اجراء: 24 جُمادَی الاُولٰی 1443ھ /29 دسمبر 2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

فجر کا ٹائم داخل ہونے کے بعد نماز سے پہلے اور نماز کے بعد قضا نماز پڑھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! نماز فجر کا ٹائم داخل ہونے کے بعد نماز سے پہلے اور نماز کے بعد بھی (سورج طلوع ہونے سے پہلے تک) قضا نماز پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ قضا نمازوں کیلئے کوئی وقت معین نہیں، مکروہ اوقات کے علاوہ انہیں جب چاہیں ادا کرسکتے ہیں اور مکروہ اوقات، جن میں کوئی بھی نماز جائز نہیں، وہ تین ہیں:

(1) سورج کی پہلی کرن چمکنے سے لے کر اس وقت کہ جب تک سورج اتنا بلند نہ ہو جائے کہ مطلع صاف شفاف ہونے کی صورت میں اس پر نگاہ جمنا مشکل ہو جائے۔(2) نصف النہار شرعی (ضحوہ کبری) سے سورج ڈھلنے تک۔(3) غروب کے وقت، جب سورج کی ٹکیہ اس حد تک متغیر ہو جائے کہ مطلع صاف ہونے کی صورت میں اب آسانی سے اس پر نگاہ جم سکے، اس وقت سے غروب تک، اس دن کی عصر کے سوا تمام نمازیں پڑھنا منع ہے۔

ٹائم کے اعتبار سے یہ وقت مختلف ممالک میں مختلف ہوتا رہتا ہے۔ لیکن طلوع و غروب کا وقت مکروہ برابر ہوتا ہے یعنی جتنا ٹائم طلوع کے وقت مکروہ ہوتا ہے، اتنا ہی وقت غروب میں مکروہ ہوتا ہے، پاک و ہند میں تقریبا 20 منٹ طلوع کے وقت اور 20 منٹ ہی غروب کے وقت ہے۔ برطانیہ میں 19 سے 25 منٹ تک یہ ٹائم پہنچتا ہے۔ ناروے میں عام دنوں میں 30 منٹ ہوتا ہے اور بعض ایام میں اس سے بھی زائد ہوتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ مزید اگر کسی کو اپنے مقام کا مکروہ وقت معلوم کرنا ہو تو دعوت اسلامی کی مجلس توقیت سے بذریعہ ای میل prayer@dawateislami.net یا بذریعہ واٹس ایپ 923177799717+ رابطہ کر لے۔"

نوٹ: یہ خیال رہے کہ نماز کے قضا ہونے کا دوسروں پر اظہار کرنا، جائز نہیں لہذا فجر کے وقت میں نماز قضا کرنی ہو تو لوگوں کی نگاہوں سے بچ کر قضا کی جائے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net